ضعیف حدیث اسکو کہتے ہین جو صحیح اور حسن کے مخالف ہو خواہ اسکا کوئی راوی درمیان سے ساقط ہو یا مطعون ہو سو اگر ابتدا
سند سے راوی ساقط ہو اسکو معلق کہتے ہین اور اگر انتہا سے ساقط ہو یعنے صحابی مذکور نہ ہو تو اسکو مرسل کہتے ہین اور اگر
دو راوی برابر ساقط ہو گئے تو اسکو معضل کہتے ہین اور نہین تو منقطع اور طعنہ راوی کا یہ کہ وہ جھوٹا ہو تو اسکی حدیث کو موضوع
کہتے ہین یا اسپر جھوٹ کی تہمت لگی ہو تو اسکو متروک کہتے ہین یا راوی غلطی بہت کرتا ہو یا غافل ہو یا کثیر الوہم ہو یا اسکی روایت معتمد لوگون
کی مخالف ہو یا فاسق یا بدعتی ہو تو اسکی حدیث کو منکر کہتے ہین فائدہ علم حدیث کی بہت کتابین ہین لیکن چھ کتابین نہایت مشہور
ہین جنکو صحاح ستہ کہتے ہین اول صحیح بخاری دوسری صحیح مسلم تیسری ابوداؤد چوتھی ترمذی پانچوین نسائی چھٹی ابن ماجہ سوا بخاری اور مسلم کے
باقی چار کتابون مین ہر قسم کی حدیث ہے صحیح بھی اور حسن بھی اور ضعیف بھی چنانچہ انکے مصنفون نے بیان کر دیا ہے صحیح حسن ضعیف کا دریافت
کرنا ہر کسی کا کام نہین خدا نے محدثین کو عقل اور شعور ایسا دیا ہے کہ وہی انکو خوب پہچان جاتے ہین جیسے صراف کھوٹا کھرا روپیہ اشرفی پرکھ
لیتے ہین بدون انکی بتلائے ہر شخص نہین جان سکتا ہر چند اصطلاحات حدیث کی تفصیل بہت ہے لیکن عوام کی فہم مین نہین آسکتی سو واسطے
اسی قدر جہال پر کفایت کی کہ اتنا ہی اس ترجمہ کے دریافت کرنیکو کافی ہے **فصل** ان ائمہ دین کے حوال مین جن سے اس کتاب مین حدیث
روایت کیگئی ہے **احوال امام بخاری** علیہ الرحمہ کا نام اور نسب امام بخاری کا ابو عبداللہ محمد بن اسمعیل بن ابراہیم بن مغیرہ ہے ایک سو
چورانوے ہجری مین پیدا ہوئے دس برس کی عمر سے بخارا مین حدیث یاد کرنا شروع کیا جب سولہ برس کے ہوئے تو عبداللہ بن مبارک
اور وکیع کی تصنیفات یاد کر چکے چھ لاکھ حدیثون سے امام بخاری نے اپنی کتاب بخاری کو منتخب کیا سولہ برس کی محنت مین مدینہ مین حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد کے اندر منبر اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کے درمیان صحیح بخاری تمام ہوئی اس کتاب مین کل سات ہزار
دو سو پچہتر حدیثین ہین اور اگر مکرر کو حذف کیجے تو چار ہزار ہین انکی خوش نیتی سے یہ کتاب ایسی مقبول ہوئی کہ انکی حیات مین ستر ہزار آدمی نے
بلا واسطہ ان سے یہ کتاب سنی دو سو چھپن ہجری مین شہر سمرقند مین وفات پائی **احوال امام مسلم** کا امام ابو الحسین مسلم بن الحجاج
بن مسلم قشیری نیشاپوری دو سو چار ہجری مین پیدا ہوئے اور دو سو اکسٹھ ہجری مین انتقال ہوا تمام اہل حدیث انکی بزرگی کے قائل ہین اور بڑے
بڑے محدثین انکو شاگرد ہین صحیح مسلم مین عجائب روزگار علم حدیث کے دقائق ہین کہ اہلحدیث انکو جانتے ہین لاکھ حدیث سے اسکو منتخب کیا ہے
اور اسمین کمال ہوشیاری اور احتیاط کیا ہے سب احادیث اس کتاب کی بارہ ہزار ہین **احوال امام مالک** کا نسب امام مالک کا مالک بن
انس بن ابی عامر اصبحی ۹۳ ترانوے ہجری مین امام مالک کی وفات ہوئی نو سو شیوخ سے استفادہ حدیث فرمایا اور انکی کتاب کا نام موطا
اس لیے ہوا کہ امام مالک نے اس کتاب کو ستر فقیہون پر پیش کیا سب نے اسکی موافقت کی سب احادیث اور آثار موطا مین ایکہزار ستائیس ہین
وفات امام مالک کی اتوار کے روز دسوین ربیع الاول سنہ ایکسو اناسی مین ہوئی عمر شریف انکی ستاسی برس کی تھی **احوال امام شافعی** کا
کنیت انکی ابو عبداللہ ہے اور نام انکا محمد بن ادریس ہے اور شافعی نسبت ہے انکی جد اعلی کی طرف جسکا نام شافع تھا امام شافعی نے حضرت صلعم کو خواب مین
دیکھا سن ایکسو پچاس ہجری مین پیدا ہوئے اور سات برس کی عمر مین قرآن مجید یاد کر لیا جب دس برس کے ہوئے تو امام مالک کی کتاب موطا کو یاد کر لیا
انکی تصنیفات بہت ہین اصول مین قریبا چودہ کتابین تصنیف کین اور فروع دین مین سو کتابون سے زیادہ امام محمد سے منقول ہے کہ امام
شافعی نے مجھ سے اور موطا امام اعظم کی کتاب عاریۃ لی ایکرات دن مین تمام یاد کر لی فوت ہوئے سنہ دو سو چار ہجری کو سلخ رجب مین **احوال**
امام احمد کا نام انکا احمد بن محمد بن حنبل ہے اور کنیت انکی ابو عبداللہ ہے امام احمد علم حدیث اور فقہ اور زہد اور ورع مین لوگون کے پیشوا اور مقتدا
تھے انکی جلالت کے واسطے یہی کافی ہے کہ امام بخاری اور مسلم اور ابو زرعہ اور ابو داؤد سجستانی وغیرہ انکے شاگرد ہین اور کتاب انکی جسکا نام مسند احمد ہے
محدثین کے درمیان مشہور ہے تیس ہزار سے زیادہ اسمین حدیثین ہین سن ایکسو چھ سنہ مین پیدا ہوئے بغداد مین اور سن دو سو اکتالیس مین
فوت ہوئے بغداد مین انکے جنازہ پر قریبا آٹھ لاکھ آدمی حاضر تھے اور ساٹھ ہزار عورتین اور بیس ہزار یہود اور نصاری اسلام

احوال ترمذیؒ کا نام ان کا محمد بن عیسے ہی اور کنیت انکی ابو عیسی یہ بھی حافظ ہین حدیث کی اور امام بخاری کے شاگرد ہین ہین سے ہین انکی کتاب جامع ترمذی انکی جلالت شان پر دلیل ہی پیدا ہوئی سن دوسو نو ہجری مین اور فوت ہوئی دوسو اناسی مین

احوال ابو داؤد سجستانی کا نام ان کا سلیمان بن اشعث بن اسحاق ہے سجستان مغرب ہرستان کا جو ایک ملک ہے درمیان سیستان اور ہرات کے متصل قندہار کے آجکل اس ملک کو بلوچستان کہتے ہین سن دوسو ہجری مین پیدا ہوئے اور علم حدیث کو حاصل کرنے کیلیے بلاد مصر اور شام اور حجاز اور عراق اور خراسان وغیرہ مین پھرتے رہے اور خوب حاصل کیا اس علم کو ابو داؤد نے اس کتاب کو پانچ لاکھ حدیثون سے انتخاب کیا اسمین چار ہزار آٹھ سو حدیثین ہین جو صحیح ہین یا حسن اور جو منکر ہین یا ضعیف انکو بیان کر دیا ہے اور فوت ہوئی دوسو پچہتر ہجری کو شوال مین

احوال نسائیؒ کا ان کا نام احمد بن شعیب ہے اور کنیت ابو عبد الرحمن اور نسائی نسبت ہے طرف شہر نسا کے جو خراسان مین ایک شہر ہے پیدا ہوئی سن دوسو چودہ یا پندرہ ہجری مین یہ علم حدیث کو حاصل کرنے کیلیے بہت ملکون مین پھرے اور بڑے بڑے عالمون سے استفادہ حدیث کیا یہ ایکدن روزہ رکھتے اور ایکدن افطار کرتے جسکو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صوم داؤد فرمایا ہے سنہ تین سو تین ہجری مین مکہ مین فوت ہوئے

احوال ابن ماجہؒ کا انکا نام محمد بن یزید ابن ماجہ ہے اور کنیت ابو عبد اللہ ہے وطن انکا قزوین ہے جو ایک شہر ہے عراق عجم مین یہ بھی حدیث کے امام اور مقتدا تھے اور حافظ اور امام مالک کے اصحاب سے انہون نے حدیث سنی اور حدیث کو حاصل کرنے کے لیے بہت ملکون مین پھرے پیدائش انکی سن دوسو نو ہجری مین ہوئی۔ اور وفات دوسو تہتر مین پیر کے دن تیئیس رمضان کو۔ انکی سنن مین چار ہزار حدیثین ہین اور انکی کتاب مین ایک حدیث موضوع ہے جو قزوین کی فضیلت مین انہونے روایت کی ہے اسی واسطے بعض علمانے انکی کتاب کو صحاح ستہ مین شمار نہین کیا

احوال دارمیؒ کا نام انکا عبد اللہ بن عبد الرحمن ہے اور کنیت انکی ابو محمد ہے انکو شہر کا نام سمرقند ہے اور دارمی نسبت ہے قوم دارم کی طرف جسمین سے یہ تھے یہ بھی بڑے محدث اور حافظ ہین حدیث کے اور زہد اور ورع کے ساتھ مشہور ہین اور انکی کتاب حدیث کی کتابون مین بہت اچھی کتاب ہے اور بڑے بڑے محدثون نے ان سے روایت کی ہے جیسے امام مسلم اور ترمذی نے۔ پیدا ہوئے سن اکیسو اکاسی مین اور فوت ہوئے دوسو پچپن مین

احوال دارقطنیؒ کا انکا نام علی بن عمر دارقطنی ہے اور کنیت ابو الحسن دارقطنی نسبت ہے محلہ دارقطن کی طرف جو بغداد مین ایک محلہ ہے یہ بھی حدیث کے حافظ اور علم حدیث کے ماہر تھے اور علل حدیث کے خوب واقف تھے یہانتک کہ محدثین نے کہا ہے کہ جرح و تعدیل کا علم بس انھی پر ختم ہو گیا انکے بعد آجتک کوئی ایسا شخص پیدا نہین ہوا۔ پیدا ہوئے بغداد مین سنہ تین سو پانچ یا چھ مین اور فوت ہوئے تین سو پچاسی مین

احوال بیہقیؒ کا نام انکا احمد بن حسین ہے اور کنیت ابو بکر اور بیہقی نسبت ہے طرف بیہق کے جو ایک شہر ہے نیشاپور کے قریب۔ یہ بھی علم حدیث کے پیشوا اور امام تھے اور انہون نے بہت کتابین تصنیف کین یہانتک کہ انکی تصنیف سات ہزار جزو کے قریب پہنچ گئی۔ پیدا ہوئے سن تین سو چوراسی ہجری مین اور فوت ہوئے چار سو چھپن مین

احوال رزینؒ کا نام انکا رزین بن معاویہ عبدری ہے اور کنیت ابو الحسن اور عبدری نسبت ہے طرف قبیلہ عبد الدار کے جو قریش کا ایک مشہور قبیلہ ہے یہ پانچسو پچیس مین فوت ہوئے۔

فائدہ یہ جو مذکور ہوئے تیرہ شخص ہین پیشوا حدیث کے انہون نے اپنی کتابون مین حدیثین مع سند کے روایت کی ہین پس مشکوۃ والے نے انکی کتابون سے نقل کر کے نام اس کتاب والے کا لکھدیا ہے اور سوا انکے اورون سے بھی نقل کی ہین لیکن کم جیسے کہ آگے کہتا ہے

مصنف وغیرہم وقلیل ما ہو۔

اللہ نور السموات والارض مثل مشکوٰۃ فیہا مصباح

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب مشکوٰۃ مترجم بترجمہ اردو تحت لفظی بموجہ خواہش مفید

المسمّٰی

بالترجمۃ المہداۃ

الی من یرید

ترجمۃ المشکوٰۃ

۱۳۱۳ھ

باہتمام الواثق بفضل ربہ الغفور عبد اللہ ابن مرحوم منشی محمد حسن صاحب مولوی عبد اللہ ضیاء نور

مطبع القرآن والسنۃ واقع شہر کانپور

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع کرتا ہون ساتھہ نام اللہ کے بخشش کرنیوالے مہربان کے

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونعوذ بالله من

سب تعریف واسطے اللہ کے ہے تعریف کرتے ہین ہم اسکو اور مدد چاہتے ہین ہم اس سے اور بخشش چاہتے ہین ہم اس سے اور پناہ مانگتے ہین ہم اللہ کے

شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا من يهده الله فلا مضل له

برائیون نفسونکے سے اور برائیون عملون اپنے کے سے جسکو ہدایت کیا اللہ نے پس نہین اسکو کوئی گمراہ کرنیوالا اسکو

ومن يضلل فلا هادي له واشهد ان لا اله الا الله شهادة تكون

اور جسکو گمراہ کیا پس نہین کوئی ہدایت کرنیوالا اسکو اور گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ وہ گواہی کہ ہووے

للنجاة وسيلة وترفع الدرجات كفيلة واشهد ان محمدا عبده

واسطے نجات کے وسیلہ اور واسطے بلندی درجات کے ضامن اور گواہی دیتا ہون مین یہ کہ محمد بندہ اسکا ہے

ورسوله الذي بعثه وطرق الايمان قد عفت اثارها ودثرت

اور رسول اسکے ایسے کہ بھیجا ان کو اس حالت مین کہ رستے ایمان کے مٹ گئے تھے نشان انکے اور بھول گئے تھے

انوارها ووهنت ازكانها وجهل مكانها فشيد صلوات الله عليه

روشنی انکی اور سست ہو گئے تھے رکن انکے اور نامعلوم ہو گیا تھا مکان اونکا پس مضبوط اور بلند کیا نبی صلے اللہ علیہ

وسلامه من معالمها ما عفى وشفى من العليل في تاييد كلمة التوحيد

وسلم نے نشان انکے وہ کہ مٹ گئے تھے اور شفا دی بیمار کو کہ تھا اوپر کنارے ہلاک کے بیچ مدد کرنے

من كان على شفا واوضح سبيل الهداية لمن اراد ان يسلكها و

کلمہ وحدانیت کے اور واضح کی راہ ہدایت کی اسکے لیے کہ ارادہ کرے چلنے اسکے کا اور

اَظْهَرَ كُنُوْزَ السَّعَادَةِ لِمَنْ قَصَدَ زَمِّلَكِهَا اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ التَّمَسُّكَ بِهَدْيِهٖ لَا

ظاہر کیے گنج بیشمار کے اسکے لیے کہ قصد کرے مالک ہونے گنجوں کا اسپر بھیجے حمد و صلوٰۃ کے پس عمدہ طریق پیغمبر خدا کا ہے

يَسْتَتِبُّ اِلَّا بِالْاِقْتِفَاءِ لِمَا صَدَرَ مِنْ مِشْكٰوتِهٖ وَالْاِعْتِصَامُ بِحَبْلِ اللّٰهِ لَا يَتِمُّ

درست ہوتا مگر ساتھ پیروی کرنے اسکے کہ ظاہر ہوئی سینہ مبارک حضرتؐ کے اسی اور اعتماد ساتھ رسی اللہ کے نہیں پورا ہوتا

اِلَّا بِبَيَانِ كَشْفِهٖ وَكَانَ كِتَابُ الْمَصَابِيْحِ الَّذِيْ صَنَّفَهُ الْاِمَامُ مُحْيِي السُّنَّةِ قَامِعُ الْبِدْعَةِ

مگر ساتھ خوب بیان کرنے حضرتؐ کے اور تھی کتاب مصابیح کہ تصنیف کیا اسکو امام محی السنۃ نے کہ دور کرنیوالا بدعت کا ہے

اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحُسَيْنُ بْنُ مَسْعُوْدِ الْفَرَّاءُ الْبَغَوِيُّ رَفَعَ اللّٰهُ دَرَجَتَهٗ اَجْمَعَ كِتَابٍ

ابو محمد حسین بیٹے مسعود پوستین دوز کے ہنر والے بغشور کے بلند کرے اللہ درجہ انکا تھی کتاب مصابیح

صُنِّفَ فِيْ بَابِهٖ وَاَضْبَطَ لِشَوَارِدِ الْاَحَادِيْثِ وَاَوَابِدِهَا وَلَمَّا سَلَكَ رَضِيَ اللّٰهُ

کہ تصنیف کی گئی ہیچ باب اپنے کے اور خوب تر قریب تھی طرف حفظ کے واسطے منتشر احادیث کے اور متفرق حدیثوں کے اور جب اختیار کی رضی اللہ

عَنْهُ طَرِيْقَ الْاِخْتِصَارِ وَحَذَفَ الْاَسَانِيْدَ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ النُّقَّادِ وَاِنْ

عنہ راہ اختصار کی اور دور کیا سندوں کو کلام کیا ہیچ اسکے بعضے پرکھنے والوں نے اور اگرچہ

كَانَ نَقْلُهٗ وَاِنَّهٗ مِنَ الثِّقَاتِ كَالْاِسْنَادِ لٰكِنْ لَيْسَ مَا فِيْهِ اَعْلَامٌ كَالْاَغْفَالِ

ہے نقل کرنا مصنف کا مانند سند کے واسطے کہ وہ عالم ثقہ لوگوں سے لیکن نہیں وہ چیز کہ ہیچ اسکے نشان ہو مانند بے نشان کے

فَاسْتَخَرْتُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَاسْتَوْفَقْتُ مِنْهُ فَاَعْلَمْتُ مَا اَغْفَلَهٗ فَاَوْدَعْتُ كُلَّ

پس طلب کی میں نے خیر کی اللہ تعالےٰ سے اور توفیق چاہی میں نے اس سے پس نشان کر دیا میں نے اسپر کہ بے نشان تھی پس رکھدی میں نے ہر

حَدِيْثٍ مِّنْهُ فِيْ مَقَرِّهٖ كَمَا رَوَاهُ الْاَئِمَّةُ الْمُتْقِنُوْنَ وَالثِّقَاتُ الرَّاسِخُوْنَ

حدیث اس سے ہیچ ٹھکانے اسکے کے مانند اسی طرح کے کہ روایت کیا پیشواؤں ضبط والے اور ثقہ لوگوں محکموں نے

مِثْلُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ الْبُخَارِيِّ وَاَبِي الْحُسَيْنِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ

مانند ابی عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری کے اور مانند ابی الحسین مسلم بن حجاج کے

الْقُشَيْرِيِّ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ الْاَصْبَحِيِّ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ

قشیری کے اور مانند ابی عبداللہ مالک بن انس اصبحی کے اور مانند ابی عبداللہ محمد

بْنِ اِدْرِيْسَ الشَّافِعِيِّ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ الشَّيْبَانِيِّ

بن ادریس شافعی کے اور مانند ابی عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی کے

وَاَبِیْ عِیْسٰی مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسٰی التِّرْمِذِیِّ وَاَبِیْ دَاوٗدَ سُلَیْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ

اور مانند ابو عیسے محمد بن عیسے ترمذی کے اور مانند ابی داؤد سلیمان بن اشعث

السِّجِسْتَانِیِّ وَاَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدَ بْنِ شُعَیْبِ النَّسَائِیِّ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ مُحَمَّدِ

سجستانی کے اور ابی عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی کے اور ابی عبداللہ محمد

ابْنِ یَزِیْدَ بْنِ مَاجَۃَ الْقَزْوِیْنِیِّ وَاَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِیِّ

بن یزید بن ماجہ قزوینی کے اور ابی محمد عبداللہ بن عبدالرحمن دارمی کے

وَاَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِیِّ وَاَبِیْ بَکْرٍ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَیْنِ الْبَیْہَقِیِّ

اور ابی الحسن علی بن عمر دارقطنی کے اور ابی بکر احمد بن حسین بیہقی کے

وَاَبِی الْحَسَنِ رَزِیْنِ بْنِ مُعَاوِیَۃَ الْعَبْدَرِیِّ وَغَیْرِہِمْ وَقَلِیْلٌ مَّا ھُوَ وَاِنِّیْ

اور ابی الحسن رزین بن معاویہ عبدری کے اور سوائے انکے اور وہ کم ہین اور تحقیق

اِذَا نَسَبْتُ الْحَدِیْثَ اِلَیْھِمْ کَاَنِّیْ اَسْنَدْتُّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

جس وقت کہ نسبت کی مینے حدیث طرف انکی گویا کہ سند پہونچادی مینے طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

لِاَنَّھُمْ قَدْ فَرَّغُوْا مِنْہُ وَاَغْنَوْنَا عَنْہُ وَسَرَدْتُّ الْکُتُبَ وَالْاَبْوَابَ کَمَا

اسواسطے کہ انہون نے فراغت حاصل کی سند سے اور بیپرواکر دیا ہمکو سند سے اور بیان کیا مینے کتب کو اور ابواب کو جیسا کہ

سَرَدَھَا وَاَفْقَیْتُ اَثَرَہٗ فِیْھَا وَقَسَمْتُ کُلَّ بَابٍ غَالِبًا عَلٰی فُصُوْلٍ ثَلَاثَۃٍ

مصابیح نے بیان کیا کتب اور ابواب کو اور پیروی کی مینے نقش قدم اسکے کی بیچھے انکے اور تقسیم کیا مینے ہر باب کو اکثر اوپر تین فصلون کے

اَوَّلُھَا مَا اَخْرَجَہُ الشَّیْخَانِ اَوْ اَحَدُھُمَا وَاکْتَفَیْتُ بِھِمَا وَاِنِ اشْتَرَکَ فِیْہِ

پہلی فصل وہ ہے کہ حدیث کی تخریج کی ہے یا ایک نے ان دونو مین سے اور کفایت کیا مینے ساتھ ان دونو کے اور اگرچہ شریک ہون بیچ روایت

الْغَیْرُ لِعُلُوِّ دَرَجَتِھِمَا فِی الرِّوَایَۃِ وَثَانِیْھَا مَا اَوْرَدَہٗ غَیْرُھُمَا مِنَ الْاَئِمَّۃِ

غیر بخاری اور مسلم کے واسطے ہونے درجہ بخاری اور مسلم کے بیچ روایت حدیث کی اور دوسری فصل مین حدیثین وہ ہین روایت کیا انکو سوائے بخاری اور مسلم

الْمَذْکُوْرِیْنَ وَثَالِثُھَا مَا اشْتَمَلَ عَلٰی مَعْنَی الْبَابِ مِنْ مُّلْحَقَاتٍ مُّنَاسِبَۃٍ مَعَ

ذکر کیے گیون مین سے اور تیسری فصل اسمین کہ مشتمل ہو اوپر معنے باب کے ملحقات مناسبت کے ساتھ

مُحَافَظَۃٍ عَلَی الشَّرِیْطَۃِ وَاِنْ کَانَ مَاثُوْرًا عَنِ السَّلَفِ وَالْخَلَفِ ثُمَّ اِنَّکَ

محافظت کرنے کے اوپر شرط کے اور اگرچہ منقول ہو صحابی سے اور تابعی سے پھر تحقیق تو

خطبہ

اِنْ فَقَدْتَ حَدِيْثًا فِيْ بَابٍ فَدَلِكَ عَنْ تَكْرِيْرٍ اَسْقَطْتُهٗ وَاِنْ وَجَدْتَ اٰخَرَ

اگر نہ پاوے کوئی حدیث بیچ ایک باب کے پس یہ بسبب تکرار کے موقوف کیا مینے اسکو اور اگر پاوے تو اور حدیث

بَعْضَهٗ مَتْرُوْكًا عَلٰى اخْتِصَارِهٖ اَوْ مَضْمُوْمًا اِلَيْهِ تَمَامُهٗ فَعَنْ دَاعِيْ

کر بعض اُسکا چھوڑا ہوا ہے اوپر اختصار کے یا یا ملایا گیا ہے طرف اسکی بقیہ اس حدیث کا پس یہ بسبب باعث

اِهْتِمَامٍ اَتْرُكُهٗ وَاُلْحِقُهٗ وَاِنْ عَثَرْتَ عَلَى اخْتِلَافٍ فِي الْفَصْلَيْنِ مِنْ ذِكْرٍ

اہتمام کے چھوڑ دیا ہے اسکو اور ملا دیا ہے اسکو اور اگر خبردار ہوا تو اوپر اختلاف کے بیچ دو فصلوں کے یعنے ذکر کرنا

غَيْرِ الشَّيْخَيْنِ فِي الْاَوَّلِ وَذِكْرِهِمَا فِي الثَّانِيْ فَاعْلَمْ اَنِّيْ بَعْدَ تَتَبُّعِيْ كِتَابَيِ الْجَمْعِ

غیر شیخین کا بیچ فصل اول کے اور ذکر ان دونوں کا بیچ فصل دوسرے کے پس جان کہ یہ باتیں مین صادر ہوئی بسبب غفلت اور بھولنے

بَيْنَ الصَّحِيْحَيْنِ لِلْحُمَيْدِيِّ وَجَامِعِ الْاُصُوْلِ اعْتَمَدْتُ عَلٰى صَحِيْحَيِ

بین الصحیحین حمیدی کے اور کتاب جامع الاصول کے اعتماد کیا مینے اوپر صحیحین

الشَّيْخَيْنِ وَمَتَنِهِمَا وَاِنْ رَاَيْتَ اخْتِلَافًا فِيْ نَفْسِ الْحَدِيْثِ فَذٰلِكَ

شیخین کے اور متن اُنکے کے اور اگر دیکھے تو اختلاف بیچ اصل حدیث کے پس یہ بسبب

مِنْ تَشَعُّبِ طُرُقِ الْاَحَادِيْثِ وَلَعَلِّيْ مَا اطَّلَعْتُ عَلٰى تِلْكَ الرِّوَايَةِ الَّتِيْ

مختلف ہونے سندون حدیث کے ہے اور شاید کہ مین نہین خبردار ہوا اوپر اس روایت کے کہ

سَلَكَهَا الشَّيْخُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَلِيْلًا مَا اَجِدُ اَقُوْلُ مَا وَجَدْتُ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ

لایا ہے اسکو شیخ راضی ہو اللہ اس سے اور کم پاؤنگا تو اسکو کہتا ہون مین کہ نہین پائی مینے یہ روایت

فِيْ كُتُبِ الْاُصُوْلِ اَوْ وَجَدْتُ خِلَافَهَا فِيْهَا فَاِذَا وَقَفْتَ عَلَيْهِ فَانْسُبِ

بیچ کتابون اصول کے یا پایا مینے خلاف اس روایت کے اصول مین پس جسوقت کہ خبردار ہو تو اوپر اس اختلاف کو پس

الْقُصُوْرَ اِلَيَّ لِقِلَّةِ الدِّرَايَةِ لَا اِلَى جَنَابِ الشَّيْخِ رَفَعَ اللّٰهُ قَدْرَهٗ فِي الدَّارَيْنِ

قصور کو طرف میری واسطے کم مائگی کے نہ طرف جناب شیخ کے بلند کرے اللہ قدر اسکی بیچ دونو جہان کے

حَاشَا لِلّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ اِذَا وَقَفَ عَلٰى ذٰلِكَ نَبَّهَنَا عَلَيْهِ وَاَرْشَدَنَا

پاکی ہے واسطے اللہ کے اس سے رحمت کرے اللہ اس شخص کو کہ جب واقف ہو اوپر اسکے خبردار کرے ہمکو اوپر اسکے اور راہ بتاوے ہمکو

طَرِيْقَ الصَّوَابِ وَلَمْ اَلْ جُهْدًا فِي التَّنْقِيْرِ وَالتَّفْتِيْشِ بِقَدْرِ الْوُسْعِ وَ

راہ صواب کی اور نہین قصور کیا مینے کوشش مین بیچ کھودنے اور ڈھونڈنے کے موافق وسعت کے اور

الطَّاقَةِ ونَقَلْتُ ذٰلِكَ الاِخْتِلَافَ كَمَا وَجَدْتُّ وَمَا أَشَارَ اِلَيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ غَرِيْبٍ

طاقت کو اور نقل کیا میں نے یہ اختلاف جیسا کہ پایا میں نے اور وہ چیز کہ اشارت کی طرف اسکی شیخ رضی اللہ عنہ نے غریب سے

اَوْ ضَعِيْفٍ وَغَيْرِهِمَا بَيَّنْتُ وَجْهَهُ غَالِبًا وَمَا لَمْ أُتَيَسِّرْ اِلَيْهِ مِمَّا فِي الْأُصُوْلِ

یا ضعیف سے یا سوا ان دونوں کے بیان کیا میں نے سبب اسکا اکثر اور جس چیز کو نہیں اشارہ کیا طرف اسکے نہیں سکا کہ پہنچ اصول کی

فَقَدْ قَفَّيْتُهُ فِي تَرْكِهِ اِلَّا فِي مَوَاضِعَ لِغَرَضٍ وَرُبَّمَا تَجِدُ مَوَاضِعَ مُهْمَلَةً وَ

پس تحقیق پیروی کی میں نے شیخ کی پیچھے چھوڑ دینے اسکے مگر پہنچ کسی جگہوں کے واسطے کسی غرض کے اور بعضی جگہ پاؤ گے تو نام کتاب کا نہیں ذکر

ذٰلِكَ حَيْثُ لَمْ أَطَّلِعْ عَلٰى رَاوِيْهِ فَتَرَكْتُ الْبَيَاضَ فَاِنْ عَثَرْتَ عَلَيْهِ فَأَلْحِقْهُ

یہ سو اسکے ہے کہ نہیں خبردار ہوا میں اوپر روایت کرنیوالے اسکے کے پس چھوڑ دی میں نے اسکے واسطے سفیدی پس اگر خبردار ہو تو اوپر اسکے پس ملا اسکو

بِهٖ أَحْسَنَ اللّٰهُ جَزَاكَ وَسَمَّيْتُ الْكِتَابَ بِمِشْكٰوةِ الْمَصَابِيْحِ وَأَسْأَلُ اللّٰهَ

ساتھ یہ اچھا بدلہ تیک ہے اللہ تجھکو بدلہ اور نام رکھا میں نے اس کتاب کا مشکوۃ المصابیح اور سوال کرتا ہوں میں اللہ سے

التَّوْفِيْقَ وَالْاِعَانَةَ وَالْهِدَايَةَ وَالصِّيَانَةَ وَتَيْسِيْرَ مَا قَصَدْتُهُ وَاَنْ

توفیق کا اور مدد کرنے کا اور ہدایت کرنیکا اور بچانے کا اور آسان کرنا اس چیز کا کہ قصد کیا میں نے اسکا اور سوال

يَّنْفَعَنِيْ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ وَجَمِيْعَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ حَسْبِيَ

کرتا ہوں یہ کہ نفع دے مجھکو میرے زندگی کے اور پیچھے مرنے کے اور سب مسلمان مردوں کو اور مسلمان عورتوں کو کفایت

اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ عَنْ عُمَرَ بْنِ

اللہ اور اچھا ہے کارساز اور نہیں ہازگشت گناہوں سے اور نہیں قوۃ اور نہ بندگی کی مگر ساتھ اللہ کے کہ غالب ہے حکمت والا روایت ہے عمر سے

الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا

خطاب سے راضی ہو جیو اللہ ان سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیشک

الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَاِنَّمَا لِامْرِئٍ مَّا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

معتبر تو عمل مگر ساتھ نیتوں کے اور نہیں ہے واسطے ہر شخص کے مگر وہ چیز کہ نیت کی پس جو شخص کہ ہو ہجرت اسکی طرف اللہ کے اور رسول اسکے کی

فَهِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ

پس ہجرت اسکی طرف اللہ کے اور رسول اسکے کے ہے اور جو شخص کہ ہو ہجرت اسکی طرف دنیا کے کہ پہنچے اسکو یا طرف عورت کے

يَّتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ كِتَابُ الْاِيْمَانِ

کہ نکاح کرے اس سے پس ہجرت اسکی طرف اسچیز کے ہے کہ ہجرت کی طرف اسکی روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے یہ کتاب ہے بیان ایمان کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ

فصل پہلی روایت ہے حضرت عمر بیٹے خطاب کے سے راضی ہو اللہ اُس کہا کہ اسوقت کہ تھے ہم نزدیک

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ اِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک روز ناگاہ ظاہر ہوا اوپر ہمارے ایک شخص نہایت سفید

الثِّيَابِ شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ لَا يُرٰى عَلَيْهِ اَثَرُ السَّفَرِ وَلَا يَعْرِفُهٗ مِنَّا اَحَدٌ حَتّٰى جَلَسَ

کپڑے بہت سیاہ ہے بال نہیں معلوم ہوتا تھا اسپر نشان سفر کا اور نہیں پہچانتا تھا اسکو ہم میں سے

اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْنَدَ رُكْبَتَيْهِ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَوَضَعَ كَفَّيْهِ

روبرو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس لگا دیے دونوز انو اپنے طرف دونوز انو حضرت ؐ کے اور رکھے دونو ہاتھ اپنے

عَلٰى فَخِذَيْهِ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِسْلَامِ قَالَ الْاِسْلَامُ اَنْ تَشْهَدَ

اوپر دونوز انو اپنے کے اور کہا اے محمد ؐ خبر دو مجھکو اسلام سے فرمایا حضرت نے اسلام یہ ہے کہ گواہی دے تو

اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ وَ

یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دے یہ کہ محمد ؐ بھیجے ہوئے اللہ کے ہیں اور یہ کہ ہمیشہ تو نماز اپنی طرح اور دے تو زکوۃ اور

تَصُوْمَ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الْبَيْتَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا قَالَ صَدَقْتَ

روزہ رکھے رمضان کے اور حج کرے خانہ کعبہ کا اگر طاقت رکھے تو طرف اسکے راہ کی کہا اس شخص نے کہ سچ کہا تو نے

فَعَجِبْنَا لَهٗ يَسْاَلُهٗ وَيُصَدِّقُهٗ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِيْمَانِ قَالَ اَنْ تُؤْمِنَ

پس تعجب کیا ہمنے واسطے اسکے کہ پوچھتا ہے حضرت سے اور تصدیق کرتا ہے اسکو کہا اس شخص نے خبر دو مجھکو ایمان سے فرمایا یہ کہ ایمان لاوے

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ

ساتھ اللہ کے اور فرشتوں اسکے کے اور کتابوں اسکی کے اور رسولوں اسکی کے اور دن پچھلے کے اور ایمان لاوے تو ساتھ تقدیر کے بھلائی اسکی

وَشَرِّهٖ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِحْسَانِ قَالَ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ

اور برائی اسکی کے کہا سچ کہا تو نے کہا پس خبر دو مجھکو مخصوص احسان سے فرمایا یہ کہ بندگی کرے تو اللہ کی گویا کہ تو

تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرٰاكَ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ قَالَ

دیکھتا ہے اسکو پس اگر نہیں دیکھ سکتا تو اسکو پس تحقیق وہ دیکھتا ہے تجھکو کہا پس خبر دو مجھکو قیامت سے فرمایا نہیں

مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّآئِلِ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنْ اَمَارَاتِهَا قَالَ

وہ شخص کہ پوچھا گیا قیامت سے زیادہ جاننے والا پوچھنے والے سے کہا پس خبر دو مجھکو علامتوں اسکی سے فرمایا

وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا

وسلم نے پورا مسلمان وہ ہے وسلامت رہیں مسلمان زبان اسکی سے اور ہاتھ اسکی سے اور ہجرت کرنیوالا وہ ہے جس چیزوں کو چھوڑدی وہ چیز کو

اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى

اللہ نے منہ سے یہ لفظ بخاری کے ہیں اور مسلم میں یہ ہے کہ کہا تحقیق ایک شخص نے پوچھا نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرٌ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ

اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کونسا مسلمانوں میں سے بہتر ہے فرمایا وہ کہ سالم رہیں مسلمان زبان اسکی سے

وَيَدِهٖ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ

اور ہاتھ اسکے سے اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہیں مومن ہوتا

اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ مُتَّفَقٌ

کوئی تم میں سے یہانتک کہ ہوں میں بہت پیارا طرف اسکی باپ اسکے سے اور اولاد اسکی سے اور سب آدمیوں سے روایت کی یہ

عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ مَّنْ

بخاری ومسلم نے اور روایت ہے انہیں سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین چیزیں ہیں جسمیں کہ

كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ

ہوں وہ چیزیں ان میں پایا اسنے بسبب انکے مزہ ایمان کا وہ شخص کہ ہو اللہ اور رسول اسکا بہت محبوب طرف اسکے

مِمَّا سِوٰى هُمَا وَمَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ وَمَنْ يَّكْرَهُ اَنْ يَّعُوْدَ فِي

اسکے سوا ان دونوں کے ہے اور وہ شخص کہ دوست رکھے کسی بندے کو نہیں دوست رکھتا مگر واسطے اللہ کے اور وہ شخص کہ ناخوش رکھے پھر جانا

الْكُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

کفر کے پیچھے اسکے کہ نکالا ہے اسکو اللہ نے اس کفر میں سے جیسا ناخوش رکھتا ہے گرنا اپنے آگ کے روایت کی یہ بخاری ومسلم

وَعَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور روایت ہے عباس بن عبدالمطلب سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

ذَاقَ طَعْمَ الْاِيْمَانِ مَنْ رَّضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا

چکھا مزہ ایمان کا اس شخص نے کہ راضی ہوا ساتھ اللہ کے رب ہونیپر اور ساتھ اسلام کے دین ہونیپر اور ساتھ حضرت

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يَسْمَعُ بِي أَحَدٌ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ يَهُودِيٌّ وَلَا نَصْرَانِيٌّ

قسم ہے اس ذات کی کہ جان محمد کی اسکے ہاتھ مین ہے نہین سنتا مجھکو کوئی اس امت مین سے یہودی ہو اور نہ نصرانی

ثُمَّ يَمُوتُ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِالَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَّا كَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ

پھر مرے اسحالت مین کہ نہین ایمان لایا ساتھ اسکے جو بھیجا گیا ہون مین ساتھ اسکے مگر کہ ہے وہ دوزخیون مین سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہا فرمایا رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین شخص ہین کہ دو اسکے انکے دو ثواب ہوتے ہین ایک تو وہ شخص کہ اہل کتاب مین سے ہو

وَآمَنَ بِمُحَمَّدٍ وَالْعَبْدُ الْمَمْلُوكُ إِذَا أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ وَرَجُلٌ

اور ایمان لایا ساتھ محمد کے اور دوسرا غلام کسی کے ملک مین ہو جبکہ ادا کرے حق اللہ کا اور حق مالکون اپنے کا اور تیسرا شخص وہ ہے

كَانَتْ عِنْدَهُ أَمَةٌ يَطَؤُهَا فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِيبَهَا وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ

کہ اپنی نزدیک اپنی لونڈی صحبت کرتا ہو اسے اور ادب سکھاتا ہو اسکو پس اچھا ادب سکھایا اسکو اور سکھایا اسکو مسئلہ شریعت

تَعْلِيمَهَا ثُمَّ أَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

سکھلایا اسکو پھر آزاد کیا اسکو پھر نکاح کر لیا اس سے پس واسطے اسکے بھی دو ثواب ہین روایت کی یہ بخاری و مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم کیا گیا ہون مین یہ کہ لڑون لوگون سے

حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ

یہانتک کہ گواہی دین اسکی کہ نہین کوئی معبود سوا اللہ کے اور تحقیق محمد رسول اللہ کے ہین اور پڑہین نماز

وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ فَإِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ

اور دیوین زکوۃ پس جسوقت کہ کرین یہ بجائی انہون نے مجھ سے خون اپنے اور مال اپنے

إِلَّا بِحَقِّ الْإِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ إِلَّا أَنَّ مُسْلِمًا

مگر ساتھ حق اسلام کے اور حساب انکا اوپر اللہ کے ہے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے مگر مسلم نے

لَمْ يَذْكُرْ إِلَّا بِحَقِّ الْإِسْلَامِ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

نہین ذکر کیا لفظ الا بحق الاسلام کا اور روایت ہے انس سے یہ کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَاَكَلَ ذَبِيْحَتَنَا

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو پڑھے نماز ہماری طرف کی اور متوجہ ہووے قبلہ ہمارے کی طرف درکنارہ ذبح کیا ہوا ہمارا

فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِيْ لَهٗ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ فَلَا تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِيْ

پس یہ مسلمان ہے وہ کہ واسطے اسکے ہے ذمہ اللہ کا اور ذمہ رسول اسکے کا پس عہد نہ توڑو خدا سے بیچ

ذِمَّتِهٖ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَتَى اَعْرَابِيٌّ النَّبِيَّ صَلَّى

ذمہ اسکے کے روایت کی یہ بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا آیا ایک گنوار رو بروئے نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ قَالَ تَعْبُدُ

اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس کہا بتلاؤ مجھکو ایسا عمل کہ جب کروں میں داخل ہوں میں بہشت میں فرمایا کہ بندگی

اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوْبَةَ وَتُؤَدِّي الزَّكٰوةَ

اللہ کی اور نہ شریک کرو ساتھ اسکے کسی کو اور پڑھ نماز فرض اور ادا کرو زکوٰۃ

الْمَفْرُوْضَةَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا اَزِيْدُ

فرض اور روزے رکھو رمضان کے کہا قسم اس ذات کی جان میری اسکے ہاتھ میں ہے نہ زیادہ

عَلٰى هٰذَا شَيْئًا وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اوپر اسکے کچھ اور نہ کم کرونگا اس سے پس جب پھر کر چلا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا مُتَّفَقٌ

جو شخص کہ خوش لگے اسکو یہ کہ دیکھے طرف ایک شخص کے اہل بہشت سے پس چاہیے کہ دیکھے طرف اسکے روایت کی یہ

عَلَيْهِ وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے سفیان بیٹے عبداللہ ثقفی کے سے کہا کہا میں نے اے رسول خدا کے

قُلْ لِّيْ فِي الْاِسْلَامِ قَوْلًا لَّا اَسْاَلُ عَنْهُ اَحَدًا بَعْدَكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ

فرما دو اسطے میرے بیچ اسلام کے قول کہ نہ پوچھوں اسکو کسی سے پیچھے تمہارے اور بیچ ایک روایت کے

غَيْرَكَ قَالَ قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ طَلْحَةَ

غیر تمہارے کہے فرمایا کہہ ایمان لایا میں ساتھ اللہ کے پھر اسی پر ٹھہر روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے طلحہ

ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بن عبید اللہ سے کہا آیا ایک شخص طرف رسول خدا کے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرَ الرَّاْسِ نَسْمَعُ دَوِيَّ صَوْتِهٖ وَلَا نَفْقَهُ مَا يَقُوْلُ حَتّٰى

اہل نجد سے پراگندہ بالے بال سر کے سنتے تھے ہم آواز گنگنی اسکی اور نہ سمجھتے تھے ہم آخیر کو کہ کہتا تھا کیا

دَنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ يَسْاَلُ عَنِ الْاِسْلَامِ

نزدیک ہوا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس ناگہان وہ پوچھتا تھا اسلام سے

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِى الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ

پس فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ نمازیں ہیں پانچ دن اور رات کے

فَقَالَ هَلْ عَلَىَّ غَيْرُهُنَّ قَالَ لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پس کہا کیا ہیں اوپر میرے سوا انکے پس فرمایا ہیں مگر یہ کہ نفل پڑھے تو فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ فَقَالَ هَلْ عَلَىَّ غَيْرُهُ قَالَ لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ قَالَ وَ

اور روزے مہینے رمضان کے پس کہا کیا ہیں اوپر میرے سوا انکے فرمایا کہ ہیں مگر یہ کہ نفل رکھے تو کہا اور

ذَكَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكٰوةَ فَقَالَ هَلْ عَلَىَّ غَيْرُهَا فَقَالَ

ذکر کیا واسطے اسکے رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زکوٰۃ کا پس کہا کیا ہے اوپر میرے سوا اسکے پس فرمایا

لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ قَالَ فَاَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَا اَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا

کہ نہیں مگر یہ کہ تو صدقہ نفل دیوے کہا راوی نے پس پیٹھ موڑی اس شخص نے اور وہ کہتا تھا قسم ہے خدا کی نہ زیادہ کروں گا میں اوپر اسکے

وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْلَحَ الرَّجُلُ اِنْ

اور نہ کم کروں گا میں اس سے پس فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مراد پائی اس شخص نے اگر

صَدَقَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا

سچا ہے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا تحقیق جماعت عبدالقیس کی جب

اَتَوُا النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

آئی حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ و

سَلَّمَ مَنِ الْقَوْمُ اَوْ مَنِ الْوَفْدُ قَالُوْا رَبِيْعَةُ قَالَ مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ اَوْ بِالْوَفْدِ

سلم نے کونسی ہے یہ قوم یا فرمایا کون ہے یہ جماعت انہوں نے کہا ہم ہیں ربیعہ فرمایا حضرت نے آئی تم خوشحالت پہر بالقوم

غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَدَامٰى قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَا نَسْتَطِيْعُ اَنْ نَّاْتِيَكَ

کہ نہ رسوا ہو اور نہ پشیمان عرض کی انہوں نے رسول خدا کے تحقیق نہیں ہم طاقت پاتے یہ کہ آویں ہم تمہاری پاس

نام ضلع کا ہے ۱۲
یعنی حاکم دو فرقہ
اسلام کے
الحدیث سے معلوم ہوا کہ ان
پانچ نمازوں کے اور کوئی
نماز فرض نہیں ہے
بلکہ سنت ہے یا مستحب
وتر کی نماز اور عید کی نماز
اور گہن کی نماز واجب
سنت ہیں اور جو کوئی
انکو واجب کہتا ہے اور
حدیث تجھ سے وہ کہتا
ہے کہ نماز عید کی واجب
نہیں ہے اور عید کی نماز واجب
نہ ہوئی مگر یہ
احتمال ہے والد اعلم
وفد کہتے ہیں ان
لوگوں کو جو ایک جماعت
ہو کسی طرف سے مقصد
یا قوم کی طرف سے بھیجی جاوے
ہو کسی مطلب کے واسطے
والد اعلم
دوسری طرف اور
یہ بشارت اور
خوشی ہے

إِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ كُفَّارِ مُضَرَ فَمُرْنَا بِأَمْرٍ فَصْلٍ

مگر مہینے حرام کے اور درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے یہ قوم ہے کفار مضر سے پس امر فرماؤ ہمکو ساتھ ایک حکم کے

نُخْبِرْ بِهِ مَنْ وَرَاءَنَا وَنَدْخُلْ بِهِ الْجَنَّةَ وَسَأَلُوهُ عَنِ الْأَشْرِبَةِ

خبر دیں ہم ساتھ اسکے ان لوگوں کو جو پیچھے ہمارے ہیں اور داخل ہوں ہم بسبب اسکے بہشت میں اور پوچھا استعمال کرنا باسنوں میں پھر کہ

فَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ أَمَرَهُمْ بِالْإِيمَانِ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ قَالَ

پس حکم فرمایا انکو ساتھ چار چیزوں کے اور منع کیا انکو چار چیزوں سے حکم کیا انکو ساتھ ایمان لانے اللہ کے کہ ایک ہے وہ فرمایا

أَتَدْرُونَ مَا الْإِيمَانُ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ شَهَادَةُ

کیا جانتے ہو تم کیا ہے ایمان ساتھ اللہ کے کہ وہ ایک ہے کہا انہوں نے کہ اللہ اور رسول اسکا زیادہ جاننے والا ہے فرمایا گواہی

أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ وَإِقَامُ الصَّلٰوةِ وَإِيتَاءُ الزَّكٰوةِ

اسکی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق محمد پیغمبر ہے اللہ کے ہیں اور سیدھا کرنا نماز کا اور دینا زکوٰۃ کا

وَصِيَامُ رَمَضَانَ وَأَنْ تُعْطُوا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمُسَ وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ عَنِ

اور روزے رکھنے رمضان کے اور فرمایا یہ کہ دینا غنیمت میں سے پانچواں حصہ اور منع کیا انکو استعمال کرنے باسنوں

الْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ وَقَالَ احْفَظُوهُنَّ وَأَخْبِرُوا

ایک تو ہنڈیاں اور تونبے کدو کے اور باسن جڑ درخت کے سے اور فرمایا یاد رکھو انکو اور خبر دو

بِهِنَّ مَنْ وَرَاءَكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِلْبُخَارِيِّ وَعَنْ عُبَادَةَ

ساتھ انکے انکو کہ پیچھے تمہارے ہیں روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور لفظ اسکی بخاری کے ہیں اور روایت ہے عبادہ

ابْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ

بیٹے صامت کے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حالت میں کہ گرد انکے ایک جماعت تھی

مِنْ أَصْحَابِهِ بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَسْرِقُوا وَلَا

اصحاب سے بیعت کرو مجھے اوپر کہ نہ شریک کرو ساتھ اللہ کے کسیکو اور نہ چوری کرو اور نہ

تَزْنُوا وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ وَلَا تَأْتُوا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُونَهُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَ

زنا کرو اور نہ مار ڈالو اولاد اپنی کو اور نہ اتباؤ بہتان کہ بازدہ لیا ہو تمنے اسکو درمیان اپنی ہاتھوں کے اور

أَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُونِي فِي مَعْرُوفٍ فَمَنْ وَفَّى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ

پاؤں کے اور نہ نافرمانی کرو مجھ میں کسی نیک چیز کے پس جو پورا کرے تم میں سے یہ عہد پس مزدوری اسکی اوپر اللہ کے

وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوقِبَ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ وَمَنْ

اور جو پہنچا ان مین سے کسی چیز کو پس سزا دیا گیا بسبب اسکے دنیا مین پس وہ کفارہ ہے واسطے اسکے اور جو کہ

أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهُوَ إِلَى اللّٰهِ إِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ

پہنچا ان مین سے کسی چیز کو پھر ڈھانکا اسکو اللہ نے پس وہ بسبر طرف اللہ کے ہے اگر چاہے بخشدے اس کو

وَإِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ فَبَايَعْنَاهُ عَلٰى ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ

اور اگر چاہے سزا دیوے اسکو پس بیعت کی ہم نے اوپر اس چیز کے متفق علیہ ہے حضرت سے ان چیزون پر روایت کی ہے بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی سعید

الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَضْحًى أَوْ فِطْرٍ

خدری سے کہ کہا نکلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیچ عید قربان کی یا عید فطر کے

إِلَى الْمُصَلّٰى فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَإِنِّي رَأَيْتُكُنَّ

طرف عید گاہ کے پس گذرے اوپر عورتون کے پس فرمایا اے جماعت عورتون کی خیرات کرو پس بتحقیق مین دیکھا یا گیا ہون

أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ فَقُلْنَ وَبِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ

بہت اہل نار سے پس کہا عورتون نے اور ساتھ کس سبب کے اے رسول خدا کے فرمایا بہت کرتی ہو تم لعنت اور بہت ناشکری

الْعَشِيرَ مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِينٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ

خاوند کی نہین دیکھا مینے کسیکو کہ ناقص ہو عقل کی اور دین کی کہو ہے عقل مرد ہشیار کی

مِنْ إِحْدَاكُنَّ قُلْنَ وَمَا نُقْصَانُ دِينِنَا وَعَقْلِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ

ایک تم مین سے کہا عورتون نے اور کیا ہے نقصان دین ہمارے کا اور عقل ہمارے کا اے رسول خدا کے فرمایا

أَلَيْسَ شَهَادَةُ الْمَرْأَةِ مِثْلَ نِصْفِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ قُلْنَ بَلٰى قَالَ فَذٰلِكَ

کیا نہین ہے گواہی ایک عورت کے مانند آدہی گواہی مرد کے کہا عورتون نے مقرر ہون ہی ہے فرمایا پس یہ

مِنْ نُقْصَانِ عَقْلِهَا قَالَ أَلَيْسَ إِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ

بسبب نقصان عقل اسکے کے ہے فرمایا کیا نہین جسوقت کہ ہووے حائض نہ نماز پڑھے اور نہ روزہ رکھے

قُلْنَ بَلٰى قَالَ فَذٰلِكِ مِنْ نُقْصَانِ دِينِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي

کہا عورتون نے مقرر ہون ہی ہے فرمایا پس یہ بسبب نقصان دین ہی کے ہے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے

هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ فرمایا اللہ تعالے نے

كَذَّبَنِي ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِي وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ فَأَمَّا

جھٹلاتا ہے مجھکو بیٹا آدم کا اور نہین لائق اوسکو یہ اور برا کہتا ہے مجھکو اور نہین لائق ہے اسکو یہ پس رہا

تَكْذِيبُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ لَنْ يُعِيدَنِي كَمَا بَدَأَنِي وَلَيْسَ أَوَّلُ الْخَلْقِ بِأَهْوَنَ

جھٹلانا اسکا مجھکو پس کہنا اسکا کہ ہرگز نہ زندہ کریگا مجھکو بعد مرنیکے جیسا پیدا کیا ہے پہلی بار اور نہین پہلی بار پیدا کرنا نہایت

عَلَيَّ مِنْ إِعَادَتِهِ وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَأَنَا الْأَحَدُ

پھر زندہ کرنے اسکے سے اور رہا برا کہنا اسکا مجھکو پس کہنا اسکا ٹھیرایا اللہ نے بیٹا اور حال یہ کہ مین ایک ہون

الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِي كُفُوًا أَحَدٌ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ

بے پروا وہ ذات کہ نہ جنا مینے اور نہ جنا گیا مین اور نہین واسطے میرے ہمسر کوئی اور بیچ روایت ابن

عَبَّاسٍ وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ لِي وَلَدٌ وَسُبْحَانِي أَنْ أَتَّخِذَ صَاحِبَةً

عباس کے ہے اور رہا برا کہنا اوسکا پس ٹھیرانا اسکا واسطے میرے فرزند اور پاک ہون مین اسبات سے کہ ٹھیراؤن مین

أَوْ وَلَدًا أَرْوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

یا فرزند روایت کی یہ بخاری نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ فرمایا ہے اللہ تعالے ایذا دیتا ہے مجھکو بیٹا آدم کا برا کہتا ہے زمانہ کو

وَأَنَا الدَّهْرُ بِيَدِيَ الْأَمْرُ أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اور مین ہون زمانہ بیچ ہاتھ میرے کے ہے حکم بدلتا ہون مین رات کو اور دن کو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت کی

أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

ابی موسی اشعری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہین

أَحَدٌ أَصْبَرُ عَلَى أَذًى يَسْمَعُهُ مِنَ اللّٰهِ يَدَّعُونَ لَهُ الْوَلَدَ ثُمَّ يُعَافِيهِمْ

کوئی بہت صابر اللہ تعالے سے ایذا پر کہ سنتا ہو اسکو ثابت کرتے ہین واسطے اسکے بیٹا پھر عافیت دیتا ہے انکو

وَيَرْزُقُهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

اور رزق دیتا ہے انکو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے معاذ سے کہ کہا مین تھا پیچھے پیغمبر بیٹھا نبی صلے اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حِمَارٍ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ إِلَّا مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ فَقَالَ يَا

وآلہ وسلم کے اوپر سواری گدھے کے نہ تھی درمیان میرے اور حضرت کے مگر لکڑی پچھلی زین کی پس فرمایا اے

مُعَاذٌ هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ وَمَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ قُلْتُ اللّٰهُ

معاذ کیا جانتا ہے تو کیا ہے حق اللہ کا اوپر بندون اسکے کے اور کیا ہے حق بندون کا اوپر اللہ کے کہنے لگے اللہ

وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ حَقَّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا

اور رسول اسکا زیادہ جانتا ہے فرمایا پس تحقیق حق اللہ کا اوپر بندون کے یہ کہ پوجین اسکو اور نہ شریک کرین

بِهٖ شَيْئًا وَحَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَّا يُعَذِّبَ مَنْ لَّا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا فَقُلْتُ

ساتھ اسکے کسیکو اور حق بندون کا اوپر اللہ کے یہ کہ نہ عذاب کرے اسکو کہ نہ شریک کرے ساتھ اسکے کسیکو پس کہا میں نے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا اُبَشِّرُ بِهِ النَّاسَ قَالَ لَا تُبَشِّرْهُمْ فَيَتَّكِلُوْا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اے رسول خدا کے کیا نہ خوشخبری پہنچاؤن میں ساتھ اسکے لوگونکو فرمایا نہ خوشخبری پہنچا انکو پس بھروسا کرینگے روایت کی یہ

وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُعَاذٌ رَدِيْفُهٗ عَلَى الرَّحْلِ

اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اور معاذ پیچھے بیٹھے تھے آنحضرت کے اوپر سواری کے

قَالَ يَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ يَا مُعَاذُ قَالَ

اے معاذ انہون نے کہا حاضر ہون اے رسول خدا کے اور حاضر ہون خدمت مین فرمایا اے معاذ پھر کہا

لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ يَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حاضر ہون مین ہے رسول خدا کے اور حاضر ہون خدمت مین پھر فرمایا اے معاذ کہا حاضر ہون اے رسول خدا کے

وَسَعْدَيْكَ ثَلٰثًا قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَّشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا

اور حاضر ہون خدمت مین تین بار اسطرح جسنے کہا فرمایا حضرت نے نہیں کوئی کہ گواہی دے اسکی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صِدْقًا مِّنْ قَلْبِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ

بھیجی ہوئی زمین اللہ کے گواہی دیتا ہے سچے دل سے مگر حرام کرتا ہے اسکو اللہ اوپر آگ کے کہا معاذ نے اے رسول

اللّٰهِ اَفَلَا اُخْبِرُ بِهٖ النَّاسَ فَيَسْتَبْشِرُوْا قَالَ اِذًا يَّتَّكِلُوْا فَاَخْبَرَ بِهَا

خدا کے کیا پس خبر دون مین ساتھ اسکے لوگونکو پس خوشوقت ہون فرمایا اسوقت اعتماد کرینگے پس خبر دی آپنے

مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهٖ تَاَثُّمًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ

معاذ نے نزدیک مرنے اپنے کے واسطے بچنے کے گناہ کے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی ذر سے کہا آیا مین پاس نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ اَبْيَضُ وَهُوَ نَائِمٌ ثُمَّ اَتَيْتُهٗ وَ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اوپر اسکے کپڑا تھا سفید اور وہ سوتے تھے پھر گیا مین پھر آیا مین اسکے پاس اور

قَالَ اسْتَيْقِظْ فَقَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ إِلَّا دَخَلَ

کہا جاگتے ہے پس فرمایا کہ نہیں کوئی بندہ کہ کہے نہیں کوئی معبود مگر اللہ پھر مرے اوپر اوسکے مگر کہ داخل ہوگا

الْجَنَّةَ قُلْتُ وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَإِنْ

بہشت مین کہا مینے اگرچہ زنا کرے اور اگرچہ چوری کرے فرمایا اگرچہ زنا کرے اور اگرچہ چوری کرے کہا مینے اگرچہ

زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ

زنا کرے اور اگرچہ چوری کرے فرمایا اگرچہ زنا کرے اور اگرچہ چوری کرے کہا مینے اگرچہ زنا کرے اور اگرچہ چوری کرے فرمایا

وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ عَلٰى رَغْمِ أَنْفِ أَبِي ذَرٍّ وَكَانَ أَبُو ذَرٍّ إِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا

اگرچہ زنا کرے اور اگرچہ چوری کرے اوپر خاک آلودہ ہونے ناک ابوذر کے اور تھے ابوذر جسوقت کہ یہ حدیث بیان کرتے

قَالَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي ذَرٍّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ قَالَ

کہتے اگرچہ خاک آلودہ ہو ناک ابوذر کی روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے عبادہ بیٹے صامت کے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص کہ گواہی دے یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ کہ ایک ہے وہ نہیں شریک

لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَأَنَّ عِيسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ وَابْنُ أَمَتِهِ

واسکے اور تحقیق محمد صلعم بندہ اسکے ہین اور رسول اسکے ہین اور تحقیق عیسےٰ بندہ اللہ کا اور رسول اسکا ہے اور بیٹا لونڈی اسکی کا

وَكَلِمَتُهُ أَلْقٰاهَا إِلٰى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِنْهُ وَالْجَنَّةُ وَالنَّارُ حَقٌّ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

اور کلمہ اسکا کہ ڈالا اسکو طرف مریم کے اور روح ہے اسکی طرف سے اور بہشت اور دوزخ سچ ہے داخل کریگا اسکو اللہ بہشت مین

عَلٰى مَا كَانَ مِنَ الْعَمَلِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ

اوپر کسی عمل کے ہو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے عمرو بیٹے عاص کے سے کہ کہا آیا مین پاس نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ ابْسُطْ يَمِينَكَ فَلْأُبَايِعْكَ فَبَسَطَ يَمِينَهُ فَقَبَضْتُ يَدَيَّ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس کہا سینچ کہ کھولو داہنا ہاتھ آپنا تاکہ بیعت اسلام کی کرون مین آپسے پس کھولا حضرت نے داہنا ہاتھ آپنا پس

فَقَالَ مَالَكَ يَا عَمْرُو قُلْتُ أَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِطَ قَالَ تَشْتَرِطُ مَاذَا قُلْتُ أَنْ

پس فرمایا کیا ہے واسطے تیرے اے عمرو کہا مینے ارادہ کرتا ہون مین یہ کہ شرط کرون مین فرمایا کیا شرط کرتا ہے تو کہا مینے شرط یہ ہے

يُغْفَرَ لِي قَالَ أَمَا عَلِمْتَ يَا عَمْرُو أَنَّ الْإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ وَأَنَّ الْهِجْرَةَ

کہ بخشش کیجاوے میرے واسطے فرمایا کیا نہین جانتا تو کہ تحقیق اسلام لانا دور کرتا ہے ان گناہون کو جو پہلے اسکے ہین اور تحقیق ہجرت

تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهَا وَأَنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالْحَدِيثَانِ

اور کرتی ہے ہجرت کو کہ پہلے اس سے ہے اور تحقیق حج دور کرتا ہے ان گناہوں کو کہ پہلے اسکے ہیں روایت کی یہ مسلم نے اور دونو حدیثیں

الْمَرْوِيَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنَا أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ وَالْآخَرُ

کہ روایت کی گئی ہیں ابوہریرہ سے سرا یہلی حدیث کا قال اللہ تعالیٰ ہے اور دوسری کا سرا یہ ہے

اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي سَنَذْكُرُهُمَا فِي بَابِ الرِّيَاءِ وَالْكِبْرِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى الْفَصْلُ

الکبریاء ردائی ذکر کرینگے ہم ان دونو حدیثوں کو بیچ باب ریا اور کبر کے اگر چاہیگا اللہ تعالیٰ فصل

الثَّانِي عَنْ مُعَاذٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَخْبِرْنِي بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ

دوسری روایت ہے معاذ سے کہ کہا میں نے اے رسول خدا کے آپ خبر دو مجھکو ساتھ اس عمل کے کہ داخل کرے مجھکو بہشت میں

وَيُبَاعِدُنِي مِنَ النَّارِ قَالَ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْ عَظِيمٍ وَإِنَّهُ لَيَسِيرٌ عَلٰى مَنْ يَسَّرَهُ

اور دور رکھے مجھکو آگ سے فرمایا تحقیق پوچھا تو نے ایک بڑے کام سے اور تحقیق البتہ یہ اسان ہے جسپر اسان کرے

اللّٰهُ عَلَيْهِ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَتُقِيمُ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ

اللہ اوپر اسکے وہ یہ ہے بندگی کر اللہ کو اور نہ شریک کر اسکے ساتھ کسیکو اور سیدھا کر نماز کو اور دے زکوۃ

وَتَصُومُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَيْتَ ثُمَّ قَالَ أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى أَبْوَابِ الْخَيْرِ الصَّوْمُ

اور روزہ رکھے رمضان کے اور حج کرے خانہ خدا کا پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤں میں تجھکو دروازے خیر کے روزہ

جُنَّةٌ وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ وَصَلٰوةُ الرَّجُلِ

ڈھال ہے اور صدقہ بجھا دیتا ہے گناہ کو جیسا بجھاتا ہے پانی آگ کو اور نماز شخص کی

فِي جَوْفِ اللَّيْلِ ثُمَّ تَلَا تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ حَتّٰى بَلَغَ يَعْمَلُونَ

درمیان رات کے پھر پڑھی یہ آیت تتجافی جنوبہم عن المضاجع بہانتک کہ پہنچے یعملون تک

ثُمَّ قَالَ أَلَا أَدُلُّكَ بِرَأْسِ الْأَمْرِ وَعَمُودِهِ وَذِرْوَةِ سَنَامِهِ قُلْتُ بَلٰى يَا

پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤں میں تجھکو سر امر کا اور ستون اسکا اور بلندی کوہان اسکی کی کہا ہاں میں بتلا دیجئے

رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ رَأْسُ الْأَمْرِ الْإِسْلَامُ وَعَمُودُهُ الصَّلٰوةُ وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ

رسول اللہ فرمایا سر کام کا اسلام ہے اور ستون اسکا نماز ہے اور بلندی کوہان اسکی کی

الْجِهَادُ ثُمَّ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكَ بِمَلَاكِ ذٰلِكَ كُلِّهِ قُلْتُ بَلٰى يَا نَبِيَّ اللّٰهِ

جہاد ہے پھر فرمایا کیا نہ خبردار کروں میں تجھکو ساتھ اسچیز کے کہ مالک اور جڑ ہو ان سب کی کہا ہاں میں بتلا دیجئے اے پیغمبر خدا کے

فَأَخَذَ بِلِسَانِهِ وَقَالَ كُفَّ عَلَيْكَ هٰذَا فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَإِنَّا لَمُؤَاخَذُونَ

پس پکڑی زبان مبارک اپنی اور فرمایا بند کر تو اوپر اپنے اسکو پھر کہا میں نے اے نبی خدا کے اور گیا ہم پکڑے جاوینگے

بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ قَالَ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا مُعَاذُ وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِي النَّارِ عَلَى

ساتھ اسچیز کے کہ ہم بولتے ہیں ساتھ اسکے فرمایا گم کرے تجھکو ماں تیری اے معاذ اور نہیں گراوینگے لوگوں کو منہ اوندھے کے آگ کے اوپر

وُجُوهِهِمْ أَوْ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ إِلَّا حَصَائِدُ أَلْسِنَتِهِمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

منہ اوندھے کے یا اوپر نتھنوں کے مگر کاٹیں زبانوں انکی کے روایت کی یہ احمد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبَّ لِلّٰهِ

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کہ محبت کیا واسطے

وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ وَأَعْطَى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيمَانَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور بغض رکھے واسطے اللہ کے اور دے واسطے اللہ کے اور نہ دے واسطے اللہ کے پس تحقیق پورا کیا اسنے ایمان روایت کی یہ ابوداؤد نے

وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ مَعَ تَقْدِيمٍ وَتَأْخِيرٍ وَفِيهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ

اور روایت کی یہ ترمذی نے معاذ بیٹے انس سے ساتھ تقدیم اور تاخیر کے اور اسمیں ہے پس تحقیق کامل کیا

إِيمَانَهُ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ

ایمان اپنے کو اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہترین عمل دوستی رکھنی ہے

فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

بیچ راہ خدا کے اور دشمنی رکھنی ہے بیچ راہ خدا کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پورا مسلمان وہ ہے کہ سلامت رہیں مسلمان زبان اسکی سے اور ہاتھ اسکے سے اور پورا مومن وہ ہے

أَمِنَهُ النَّاسُ عَلَى دِمَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ

کہ امن میں رہیں اس سے لوگ اپنے خونوں پر اور مالوں پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نسائی نے اور زیادہ کیا

الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ بِرِوَايَةِ فُضَالَةَ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ

بیہقی نے بیچ کتاب شعب الایمان کے ساتھ روایت فضالہ کے اور کامل جہاد کرنیوالا وہ ہے جسنے مشقت میں ڈالا

فِي طَاعَةِ اللّٰهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوبَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ

بیچ بندگی اللہ کے اور اصل ہجرت کرنیوالا وہ ہے جسنے چھوڑ دیے چھوٹے گناہ اور بڑے گناہ اور روایت ہے انس رضی سے کہا

قلما خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم الا قال لا ايمان لمن لا امانة له ولا

کہ خطبہ فرمایا ہمکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مگر کہ فرمایا نہیں پورا ایمان واسکے کہ نہیں امانت دار ہو اسکے اور

دين لمن لا عهد له رواه البيهقي في شعب الايمان الفصل الثالث

پورا دین واسکے کہ نہیں عہد دار ہو اوسکے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان کے فصل تیسری

عن عبادة ابن الصامت قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من

روایت ہے عبادہ بیٹے صامت کے سے کہ کہا سنا میں نے رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو کوئی

